یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم هیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے هیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

۷۸۶
۹۲_۱۱۰
یا صاحب الزماں ادرکنی

Knowledge for All
SABIL-E-SAKINA

یا عباس

DvD Version

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

NOT FOR COMMERCIAL

سکرات الموت

زیر سرپرستی سرکار قائم آل محمد عجل اللہ فرجہم

کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْت ۔ ترجمہ: ہر نفس موت کا ذائقہ چکھے گا۔ موت ایک ایسی اٹل حقیقت ہے کہ دنیا کا کوئی مذہب تو کیا مرتد اور دہریے بھی اسے جھٹلا نہیں سکتے حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا خدا کی قسم موت وہ چیز ہے جو اس حقیقت سے سراپا حق ہے جھوٹ نہیں۔ موت ہنسی کھیل نہیں۔ موت مومن کیلئے آخری صدمہ اور اس کے گناہوں کا کفارہ ہے اور کافروں کیلئے آخری راحت اور ان کے اعمال کی آخری جزا ہے۔ موت کا پہلا مرحلہ جان کنی ہے جسے سکرات الموت بھی کہتے ہیں۔ یہ مرحلہ اتنا سخت اور کٹھن ہے کہ اولیاء اللہ تو کیا اولوالعزم پیغمبروں نے بھی اس سے پناہ مانگی ہے۔ نزع کے وقت اغوائے شیطانی کا سب سے خطرہ ہوتا ہے جس طرح دنیا کی زندگی میں شیطان اغوا کرنے کی جو پور کوشش کرتا ہے اس سے کہیں بڑھ کر موت کے وقت اغوا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مرنے والا نہایت مشکل صورت حال میں گرفتار ہوتا ہے ایسے میں رونے دھونے والے اور عیادت کو آنے والے اسکا مرنا خراب کر دیتے ہیں نہ کلمہ کی کوشش نہ سورہ یسین کی خبر نہ منہ میں پانی ڈالنے کا پتہ ایسے میں چاہئے کہ اس سے اقرار توحید کروائے بارہ آئمہ کے عقیدے کا اقرار کروائے جو اور سنائے جو اور تلقین بھی کروائے۔ اور اسے بار بار کلمہ پڑھنے کی تلقین کرے اور بار بار اپنے امام وقت کو پکارے تاکہ ان کی توجہ میں اغوائے شیطانی سے محفوظ رہے جب سورہ یسین سنائی جائے اور امام مبین پر آئے تو اس سے کہلوائے کہ امام مبین کون ہیں اور جتنے دن بھی جان کنی کی حالت میں رہے اس کے پاس قرآن پاک کی تلاوت ہو یا دعائیں پڑھی جائیں اور اگر جان کنی کا وقت سخت ہو جائے تو اس کے سرہانے جوشن کبیر اور سورہ یسین اور خاص کر دعائے عدیلہ پڑھی جائے جو شیطان کو دور کرنے کا موثر ترین ہتھیار ہے اس کے علاوہ سورہ والصافات۔ سورہ احزاب آیۃ الکرسی اور سورہ اعراف کی آیت نمبر ۵۴۔ سورہ بقرہ کی آخری آیات بلکہ جتنا قرآن بھی پڑھ سکے پڑھے جب کسی پر نزع کا وقت ہو یا ایسی بیماری جس میں جان کا خطرہ ہو چاہئے کہ اسے قبلہ رخ کیا جائے اس طرح کہ پاؤں کے تلوے اور چہرہ قبلہ رخ ہو کیونکہ کہا جاتا ہے کہ جو قبلہ رخ نہ مرے وہ مردود ہوتا ہے اور اگر کسی کو قبلہ رخ لٹانا ممکن نہ ہو تو احتیاط واجب ہے کہ جتنا لٹانا ممکن ہو اتنا لٹائے اور اگر لٹانا کسی طور ممکن نہ ہو تو بقصد احتیاط اسے قبلہ رخ بٹھا دیا جائے۔ اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو بقصد احتیاط دائیں کروٹ قبلہ رخ لٹا دیا جائے۔ اگر جان کنی بہت مشکل ہو گئی ہو تو اگر ممکن ہو تو اس کی چارپائی کو اس مقام پر رکھا جائے جہاں وہ عبادت کرتا تھا تو اس کی مشکل بہت جلد آسان ہو جائے گی جس پر نزع کا وقت ہو اس کے پاس سے حائض اور جنب کو ہٹا دیا جائے۔ مرنے والا اگر وصیت کرنا چاہتا ہے تو اسے غور سے سنا جائے بلکہ اگر کوئی وصیت سے غافل ہو تو اسے وصیت کرنا یاد دلائے۔ مرنے والے کو چاہئے کہ وہ اہل و عیال رشتہ دار احباب اور ملنے جلنے والوں کو جمع کرے معافی طلب کرے کہ یہ سنت رسول خدا ہے مرنے والوں کو غسل دینا کفن پہنانا نماز پڑھانا دفن کرنا وارثوں کی ذمہ داری ہے نیز دفن میں جلدی کرنا

زیر سرپرستی سرکار قائم آل محمد علیہ السلام

سوال نمبر 1 ۔ حالتِ احتضار سے لے کر دفن تک مرحوم کے بارے میں کیا کیا احتیاط کرنی چاہئے ؟

جواب : ۔ حالتِ احتضار سے لے کر روح نکلنے تک واجب کفائی ہے کہ میت کو قبلہ رخ رکھا جائے ۔ روح نکلنے سے غسل تک حتی الامکان کوشش کرے کہ میت قبلہ رخ ہو ۔ غسل سے دفن تک اس طرح کہ نماز جنازہ کے انداز سے رکھیں ۔ روح نکلنے کے بعد جسم کو درست کر دیں ۔ مومنین کو فوراً اطلاع کریں میت اندھیرے میں نہ رکھیں ۔ دفن میں جلدی کریں البتہ حاملہ کے بچے کی وجہ سے تاخیر کر سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 2 ۔ کن کن مردہ افراد کو غسل دینے کی ضرورت نہیں ؟

جواب : (1) کافر (2) مرتد (3) خوارج (4) ناصبی (5) وہ مسلمان جس نے کبھی نماز نہ پڑھی ہو ۔ (6) سقط شدہ بچہ جو چار ماہ سے کم ہو ۔

سوال نمبر 3 ۔ کن کن افراد سے غسل ساقط ہو جاتا ہے ؟

جواب ۔ (1) شہید (2) جس کو قصاص کے بدلے قتل کیا جائے (3) جسم کے بعض اعضاء (سینے والا کے علاوہ) (4) غسل کیلئے اگر مماثل نہ مل سکے

نماز جنازہ

سوال نمبر 4 ۔ غسل کس کی ذمہ داری ہے ؟ اور غسال کی شرائط کیا ہیں ؟

جواب : ۔ غسل ورثاء کی ذمہ داری ہے ۔ غسال کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں ۔

(1) بالغ (2) عاقل (3) مسلمان اثنا عشری ہو (4) مسائل غسل سے واقف ہو (5) قصد قربت ہو ۔ نیز غسل دیتے ہوئے غسال میت کی شرمگاہ کو نہ دیکھے ۔

سوال نمبر 5 ۔ اگر میت پر ایک وقت میں کئی غسل ہوں تو کیا کرنا چاہئے ؟

جواب : ۔ ایک ہی غسل کافی ہے ۔

سوال نمبر 6 ۔ میت کو غسل دینے کا کیا طریقہ ہے ؟

جواب : ۔ میت کو تین غسل دینے واجب ہیں ۔ (1) آبِ سدر (2) آبِ کافور (3) آبِ خالص ۔ جسم کو میل سے پاک کرکے پھر نیت کرے آبِ سدر کی اور پھر سر اور گردن کو دھوئے ۔ پھر دائیں حصہ کو پھر بائیں حصہ کو ۔ پھر آبِ کافور کی نیت کرکے (اسی طرح) غسل دے اس کے بعد آبِ خالص سے غسل دے ۔ غسل دیتے ہوئے اگر بال یا ناخن ٹوٹ جائے تو اسے ساتھ ہی دفن کر دے ۔

سوال نمبر 7 ۔ اگر بیری کے پتے یا کافور یا دونوں چیزیں نہ ملیں تو کیا کرے ؟

جواب ۔ صرف نیت کرلے ، تنہا ہی کافی ہے ۔

سوال نمبر 8 = اگر صرف اتنا پانی ہو کہ ایک غسل دیا جاسکے تو کونسا غسل دے؟

جواب :- آب سدر کا

سوال نمبر 9 - اگر کوئی میت کو غسل دینا بھول جائے اور دفن کے بعد یاد آئے یا پتہ چلے کہ غسل صحیح نہیں دیا گیا تو کیا کرنا چاہیئے؟

جواب - اگر نبش قبر تک حرمت میت نہ ہو اور ورثاء کو بہت زیادہ مشقت نہ اٹھانی پڑے تو اعادہ کرے

سوال نمبر 10 = کفن واجبی اور کفن مستحبی کی تعداد بتائیں

جواب :- کفن واجبی تین ہیں نمبر 1 سرتاسری (2) قمیص (3) پاجامہ - کفن مستحبی - سینہ بند - عورت کیلئے مقنعہ اور مرد کیلئے عمامہ

سوال نمبر 11 = کفن کیلئے کس کس احتیاط کی ضرورت ہے؟

جواب :- غصبی نہ ہو خالص ریشمی نہ ہو - گیلا نہ ہو - رنگ دار نہ ہو - شایان شان ہو

سوال نمبر 12 = کون سا کفن سب سے بہتر ہے؟

جواب :- افضل کفن چادر یمانی کا ہے - سوتی ہو - احرام اگر ہو تو بہت خوب ہے

سوال نمبر 13 = کفن دینا کس پر واجب ہے؟

جواب مرد ہو تو اس کی کمائی سے - عورت ہو تو شوہر کے ذمہ - چاہے زوجہ بالغ ہو چاہے نابالغ چاہے فرمانبردار ہو چاہے نافرمان - چاہے شادی کرکے گھر لایا ہو یا نہ لایا ہو -

سوال نمبر 14 = اگر کسی کو غصبی کفن میں دفن کردیا ہو تو کیا کرے؟

جواب :- مالک اگر قیمت پر راضی نہ ہو تو نبش قبر واجب ہے. اگر ہتک میت ہو اور ورثا کیلئے بہت ہی مشقت کا باعث ہو تو مالک کو ہر صورت قیمت پر راضی کرے اور اگر مالک کا مسئلہ نہ ہو تو قیمت ادا کردے

سوال نمبر 15 = اگر غصبی کفن کے علاوہ کوئی دوسرا کفن نہ ہو تو کیا کرے؟

جواب :- غصبی کفن کے علاوہ کسی بھی چیز میں دفن کردیں یہاں تک کہ مردار جانور کی کھال میں

سوال نمبر 16 = اگر دفن سے پہلے یا قبر میں رکھتے ہوئے کفن کو نجس پائے تو کیا کرے؟

جواب :- اتنا حصہ کاٹ دے یا دھو دے یا تبدیل کردے قبر سے نکالنا ہتک میت ہو تو ویسے ہی دفن کردے

سوال نمبر 17 - حنوط کسے کہتے ہیں؟ اور جریدتین کیا ہیں؟

جواب :- کافور کو سات اعضائے سجدہ پر ملنا حنوط کہلاتا ہے - جریدتین دو لکڑیاں ہیں جو بغلوں کے نیچے دی جاتی ہیں - یہ سنت مؤکدہ ہیں -

التماس سورہ فاتحہ برائے تمام مرحومین

۱] شیخ صدوقؒ

۲] علامہ مجلسیؒ

۳] علامہ ساغر حسین

۴] علامہ سید علی نقی

۵] بیگم و سید عابد علی رضوی

۶) بیگم و سید احمد علی رضوی

۷) بیگم و سید رضا امجد

۸) بیگم و سید علی حیدر رضوی

۹) بیگم و سید سبط حسن

۱۰) بیگم و سید مردان حسین جعفری

۱۱) بیگم و سید جبار حسین

۱۲) بیگم و مرزا توحید علی

۱۳) سید حسین عباس فرحت

۱۴) بیگم و سید جعفر علی رضوی

۱۵) سید انعام حسین زیدی

۱۶) سیدہ نماز بہرہ

۱۷) سیدہ رضویہ خاتون

۱۸) سید نجم الحسن

۱۹) سید مبارک رضا

۲۰) سید تہنیت حیدر نقوی

۲۱) بیگم و مرزا احمد ہاشم

۲۲) سید باقر علی رضوی

۲۳) بیگم و سید باسط حسین

۲۴) سید عرفان حیدر رضوی

۲۵) بیگم و اخلاق حسین

۲۶) سید ممتاز حسین

۲۷) بیگم و سید اختر عباس

۲۸) سید محمد علی

۲۹) سیدہ رضیہ سلطان

۳۰) سید مظفر حسنین

۳۱) سید باسط حسین نقوی

۳۲) غلام محی الدین

۳۳) سید ناصر علی زیدی

۳۴) سید وزیر حیدر زیدی

۳۵) ریاض الحق

۳۶) خورشید بیگم